# 03-07-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔ بھٹی وکرامارکہ نے قرضوں سے متعلق بی آر ایس کے دعوؤں کو مسترد کردیا۔ کہا بی آر ایس دورِحکومت میں ریاست پر8.21لاکھ کروڑ کا قرض تھا۔

۲۔مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہاہے کہ خواتین کو بااختیار بنانا مودی حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔

۳۔ ہریش راؤ نے قرض معاملہ میں ایک کھلا خط جاری کرتے ہوئے کانگریس حکومت پر عوام کو گمراہ کرنے کا الزام عائد کیا۔

۴۔تلنگانہ ایکٹوی ویسٹ ویلفیئر کمیٹی 6 جولائی سے وسیع مشاورتی عمل کا آغاز کرے گی۔

اور

۵۔بی جے پی تلنگانہ کے صدر این رام چندر راؤ نے ایمرجنسی کو ہندوستانی جمہوریت کا ایک سیاہ باب قرار دیا۔

HARISH RAO:

سابق وزیر اور بی آر ایس کے سینئر قائد ہریش راؤ نے ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ پر بار بار اپنا موقف اور چیلنج تبدیل کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ سنگاریڈی میں پارٹی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جوپلی کرشنا راؤ نے ابتدا میں تلنگانہ بھون آنے پر رضامندی ظاہر کی تھی لیکن بعد میں گن پارک جانے کا فیصلہ کیا، جہاں پولیس نے بی آر ایس قائدین کو روک دیا۔ ہریش راؤ نے مزید کہا کہ جوپلی کرشنا راؤ کے اپنے خط میں کانگریس حکومت کے دوران قرضوں کی مالیت 1.77 لاکھ کروڑ روپے بتائی گئی ہے، جبکہ ریزرو بینک آف انڈیا کے اعداد وشمار کے مطابق یہ رقم

1.86 لاکھ کروڑ روپے ہے۔انہوں نے ان تضادات پر حکومت کی وضاحت کو نقصان پر قابو پانے کی کوشش قرار دیا۔

PTC/SR

WEATHER:

محکمہ موسمیات کے مطابق شمالی اور مغربی خلیج بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کا علاقہ بننے کے باعث آئندہ تین دنوں تک آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں ہلکی سے شدید بارش کا امکان ہے۔متحدہ عادل آباد، نظام آباد، کریم نگر، ورنگل اور کھمم اضلاع میں بعض مقامات پر موسلا دھار بارش متوقع ہے جبکہ جنوبی اور وسطی تلنگانہ میں ہلکی سے درمیانی درجہ کی بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

Desk

RAMCHANDER RAO:

بی جے پی تلنگانہ کے صدر این رام چندر راؤ نے نلگنڈہ میں ایک کتاب کی رسمِ اجرا کے موقع پر کانگریس پارٹی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ایمرجنسی کو ہندوستانی جمہوریت کا ایک سیاہ باب قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ اندرا گاندھی نے الہ آباد ہائی کورٹ کے فیصلہ کے بعد اقتدار برقرار رہنے کیلئے اداروں، میڈیا اور اپوزیشن قائدین کی آواز کو دبایا۔ انہوں نے کہا کہ 19 ماہ کے اس دور میں جبری نس بندی، فنکاروں کی آواز دبانے اور دیگر زیادتیوں کے بارے میں آنے والی نسلوں کو پڑھایا جانا چاہیے۔رام چندر راؤ نے آئین کے تحفظ کیلئے بی جے پی کے عزم کا اعادہ کیا اور وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کی کوششوں کی بھی ستائش کی۔

PTC/NLG

BANDI:

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے تلنگانہ حکومت پر وی بی جی رام جی اسکیم کی عدالت میں مخالفت کرنے پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کو خدشہ ہے کہ اس اسکیم کا سہرا مرکزی حکومت کے سر جائے گا۔انہوں نے ریاست کی جانب سے اسکولوں میں ناشتے کی فراہمی کے منصوبہ کا خیر مقدم کیا تاہم تقریباً10 ہزار اسکول بند کرنے کی تجویز کی سخت مخالفت کی۔ انہوں نے کانگریس اور بی آر ایس کے درمیان سیاسی مفاہمت کا الزام بھی عائد کیا اور کہا کہ بی جے پی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو روکنے کے لئے دونوں جماعتیں ایک ساتھ کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے فون ٹیپنگ معاملہ میں گرفتاریوں اور سنگارینی کوئلہ معاملات کی تحقیقات میں تاخیر پر بھی سوال اٹھائے۔ کریم نگر میں ترقیاتی کاموں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے یقین دلایا کہ شہری ترقیاتی منصوبوں، بشمول اربن چیلنج فنڈ، کے تحت بڑے پیمانے پر ترقیاتی اقدامات کیے جائیں گے۔

PTC/HYD/Desk/KMN

WAR FOOTING:

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے سکریٹریٹ میں مختلف بنیادی ڈھانچہ کے منصوبوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ تمام کام جنگی بنیادوں پر تیز رفتاری سے مکمل کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت معیاری سڑکوں کی تعمیر کے لئے پرعزم ہے اور 6,092 کلومیٹر پر مشتمل ایچ اے ایم پروجیکٹ کے پہلہ مرحلہ کا جلد آغاز ہوگا۔ وزیر نے نئے ہائی کورٹ کمپلیکس اور عثمانیہ جنرل اسپتال کی تعمیر دسمبر 2027 تک مکمل کرنے کی سخت ہدایت دی۔ انہوں نے غفلت برتنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ دیا اور پیش رفت کا جائزہ لینے کے لئے اچانک معائنوں کا بھی اعلان کیا۔

PTC/HYD/Desk

UIDAI:

یونیک آئیڈنٹی فکیشن اتھاریٹی آف انڈیا (یو آئی ڈی اے آئی) نے یکم جولائی سے آئندہ 6 ماہ کے لئے آدھار ایپ کے ذریعہ مفت ای میل اپ ڈیٹ کرنے کی سہولت فراہم کی ہے۔ وزارتِ الکٹرانکس وانفارمیشن ٹکنالوجی کے مطابق صرف دو دنوں میں ڈھائی لاکھ سے زائد افراد نے اپنی ای میل اپ ڈیٹ کرائی ہے۔ وزارت نے کہا کہ ای میل کو آدھار سے منسلک کرنے سے تصدیق کے عمل سے متعلق فوری اطلاعات موصول ہوں گی جس سے سکیورٹی میں اضافہ ہوگا۔ اس کے علاوہ لاکھوں افراد نے اس ایپ کے ذریعہ اپنے موبائل نمبر اور پتہ بھی اپ ڈیٹ کیا ہے۔

NSD

PM VISIT:

وزیراعظم نریندر مودی راجستھان اور گجرات کا دورہ کریں گے، جہاں وہ کئی اہم بنیادی ڈھانچہ کے منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ راجستھان میں وہ جودھپور ایرپورٹ کے نئے ٹرمینل اور ترمیم شدہ اُڑان (UDAN) اسکیم کا افتتاح کریں گے۔ اس کے علاوہ بالوترا میں ملک کے پہلے گرین فیلڈ مربوط ریفائنری و پیٹروکیمیکل کمپلیکس کو قوم کے نام وقف کریں گے اور جے پور میٹرو ریل منصوبہ کے دوسرے مرحلہ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وزیراعظم 54 ہزار سرکاری تقرر نامے بھی تقسیم کریں گے۔ گجرات میں وہ سانند میں سیمی کنڈکٹر اسمبلی اور ٹیسٹنگ کی نئی سہولت کا افتتاح کریں گے جس سے عالمی ٹکنالوجی مینوفیکچرنگ میں ہندوستان کا کردار مزید مضبوط ہوگا۔

NSD

DISHA

نظام آباد کے رکنِ پارلیمنٹ دھرماپوری اروند نے جگتیال ضلع میں مرکزی حکومت کے ترقیاتی منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے اور بلوں کی بروقت، غیر جانبدارانہ منظوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی تا کہ مرکزی فنڈس ضائع نہ ہوں۔ دِشا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلع کلکٹر بی ستیہ پرساد نے بتایا کہ امرت 2.0 کے تحت 137.70 کروڑ روپے کی لاگت سے پینے کے پانی کے منصوبہ اور پی ایم جی ایس وائی کے تحت 59.35 کروڑ روپے کے سڑکوں کے منصوبہ جاری ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ یو آئی ڈی ایف کے تحت 45.29 کروڑ روپے خرچ کئے جا چکے ہیں جبکہ مجوزہ جگتیال۔کریم نگر فور لین قومی شاہراہ منصوبے کی تخمینی لاگت 2,400 کروڑ روپے ہوگی۔

PTC/JGL

LETTER

سابق وزیر اور بی آر ایس کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے ریاستی قرضوں کے معاملہ پر وزیر جوپلی کرشنا راؤ کے نام ایک کھلا خط جاری کرتے ہوئے کانگریس حکومت پر عوام کو گمراہ کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ سابق بی آر ایس حکومت کے دوران حاصل کئے گئے قرضوں کی مجموعی مالیت 4 لاکھ 17 ہزار کروڑ روپے تھی اور یہی اعداد وشمار انہوں نے اسمبلی میں بھی پیش کئے تھے۔انہوں نے کہا کہ اگرچہ جوپلی کرشنا راؤ نے دعویٰ کیا کہ دسمبر 2023 سے جون 2026 تک کانگریس حکومت کے قرضے ایک لاکھ 77 ہزار 58 کروڑ روپے ہیں تاہم ریزرو بینک آف انڈیا کے اعداد وشمار کے مطابق یہ رقم ایک لاکھ 86 ہزار 67 کروڑ روپے ہے۔ ہریش راؤ نے متعلقہ ویڈیوس اور آر بی آئی کی دستاویزات واٹس ایپ کے ذریعہ وزیر کو بھیجتے ہوئے مطالبہ کیا کہ وہ عوام کو گمراہ کرنا بند کریں۔

Desk

JAC:

حکومت تلنگانہ کی جانب سے جی اونمبر 679 کے تحت تشکیل دی گئی کمیٹی، جس کا مقصد تلنگانہ تحریک کے کارکنوں کی نشاندہی اوران کی فلاح و بہبود کے لئے تجاویز مرتب کرنا ہے۔6 جولائی سے وسیع مشاورتی عمل کا آغاز کرے گی۔ پہلے اجلاس کے لئے عثمانیہ یونیورسٹی کے سابق طلبہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے قائدین کو مدعو کیا گیا ہے۔جنہوں نے تلنگانہ تحریک میں اہم کردارادا کیا تھا۔ان سے پالیسی سے متعلق اپنی تجاویز پیش کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ یہ مشاورتی اجلاس صبح 10 بجے سکریٹریٹ کے سامنے واقع امراویرولا اسمارکم میں منعقد ہوگا۔کمیٹی کے ارکان کے کیشو راؤ، پونم پربھاکراورایم کودنڈارام نے یہ دعوت دی ہے۔

Desk

SIR

اڈیشنل چیف الیکٹورل آفیسر واسم وینکٹیشورلو ریڈی نے خیرت آباد اور راجندرنگر اسمبلی حلقوں کے مختلف پولنگ مراکز کا دورہ کرتے ہوئے خصوصی جامع نظرثانی پروگرام کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے گھر گھر جا کر ووٹروں کے اندراج کے عمل کا معائنہ کیا اور بوتھ لیول افسران (BLOs) کو ہدایت دی کہ وہ الیکشن کمیشن آف انڈیا کی ہدایات کے مطابق بی ایل او ایپ کے ذریعہ دوہرے، وفات پا چکے یا مستقل طور پر منتقل ہو جانے والے ووٹروں کی مکمل جانچ اور تصدیق کریں۔انہوں نے فارم ذاتی طور پر ووٹروں تک پہنچانے اور آن لائن ووٹر رجسٹریشن پورٹل کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کرنے پر بھی زور دیا۔

Desk

BARC:

وزارتِ اطلاعات ونشریات نے براڈ کاسٹ آڈ ینس ریسرچ کونسل (BARC) کو ہدایت دی ہے کہ وہ ٹیلی ویژن ریٹنگ پالیسی 2026 کے تحت اپنے لائسنس کی تجدید تک خبروں اور غیر خبروں دونوں زمروں کی ٹیلی ویژن ریٹنگز کی اشاعت روک دے۔ وزارت کے مطابق یہ ہدایت اس وقت تک نافذ رہے گی جب تک بارک اپنا لائسنس تجدید نہیں کرالیتا اور نئی ریگولیٹری پالیسی کے مطابق مکمل تعمیل کا تصدیقی عمل مکمل نہیں ہو جاتا۔

Desk

APPS REMOVED:

حکومت نے سکیورٹی خدشات کے پیشِ نظر BAT-BMS، Epoch-i-ion اور Lossigy ایپس کو گوگل پلے اسٹور اور ایپل ایپ اسٹور سے ہٹانے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ یہ اقدام ان الزامات کے بعد کیا گیا کہ ان ایپس کو ای رکشوں سمیت الکٹر گاڑیوں کو دور سے غیر فعال کرنے کے لئے استعمال کیا جا رہا تھا۔ وزارتِ الیکٹرانکس و انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذرائع کے مطابق متعلقہ ایپ اسٹورس کو ان ایپس کو فوری طور پر ہٹانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ وزارت کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ سکیورٹی خدشات اور ممکنہ غلط استعمال کے پیشِ نظر کیا گیا ہے۔ اس معاملہ کی تحقیقات جاری ہے اور حکومت اس پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے۔

DESK

RAJANNA SIRCILLA:

راجنا سرسلہ ضلع کی کلکٹر گریما اگروال نے کہا ہے کہ اندرا مہیلا شکتی اسکیم کے تحت خواتین کے خود امدادی گروپ مالی طور پر مضبوط ہو رہے ہیں۔ تھنگلا پلی میں خواتین کے خود امدادی گروپوں کی

جانب سے قائم کئے گئے کولڈ پریس آئل یونٹ، آٹا چکی اور دودھ جمع کرنے کے مرکز کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے حکومت کی جانب سے دستیاب سبسڈی اور قرض کی سہولیات پر روشنی ڈالی۔انہوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ مزید ایسے خود روزگار کے مراکز قائم کریں اور مقامی سطح پر فراہم کی جانے والی مفت رہائشی تربیت سے فائدہ اٹھائیں۔

PTC/RS

BHADRADRI

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے کلکٹر انکت نے ٹیکولا پلی منڈل میں اچانک معائنہ کرتے ہوئے پرائمری اگر کلچرل کوآپریٹو سوسائٹی کے کھاد گودام، خصوصی ووٹر فہرست نظر ثانی پروگرام اور KGBV جونیر کالج کا دورہ کیا۔انہوں نے کسانوں سے یوریا کی بکنگ کے لئے موبائل ایپ استعمال کرنے اور نینو یوریا کو فروغ دینے کی اپیل کی۔کلکٹر نے حکام کو ہدایت دی کہ ووٹر فہرست کی نظر ثانی کا عمل شفاف طریقہ سے مکمل کیا جائے اور کالج کے آر او پینے کے پانی کے پلانٹ کی فوری مرمت کرائی جائے۔

PTC/B.KGM

KARIMNAGAR

مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ خواتین کو با اختیار بنانا مودی حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔کریم نگر میں تربیت یافتہ خواتین میں سی ایس آر فنڈ کے تحت خریدی گئی سلائی مشینیں تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پردھان منتری مدرا یوجنا کے تحت تقریباً 70 فیصد قرض خواتین کو فراہم کئے گئے ہیں جبکہ گزشتہ پانچ برسوں میں مشن شکتی کیلئے 21 ہزار کروڑ روپے مختص کئے گئے۔انہوں نے ناری شکتی وندن ادھینیم کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت قانون سازاداروں میں خواتین کو 33 فیصد ریزرویشن جلد نافذ کرنے کے اپنے عزم پر قائم ہے۔

PTC/KMN

BHATTI:

تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے ریاست کی مالی حالت اور سنگارینی کالریز سے متعلق اپوزیشن کے الزامات کی سختی سے تردید کی۔ سرکاری اعداد وشمار جاری کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابق بی آر ایس حکومت نے اعلیٰ سودی قرضوں کے ذریعہ 8 لاکھ 21 ہزار 651 کروڑ روپے کا قرض چھوڑا تھا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ کانگریس حکومت نے کامیابی کے ساتھ ان قرضوں کی تنظیم نو کرتے ہوئے ریاست پر عائد 22 ہزار 142 کروڑ روپے قرض کی بچت کی جبکہ اصولی طور پر اور سود ملا کر 2 لاکھ 8 ہزار 681 کروڑ روپے کو باقاعدہ نظام کے تحت لایا۔ کوئلہ کے غائب ہونے سے متعلق دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ نے اسے بے بنیاد پروپگنڈہ قرار دیا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ عوام کے سامنے حقائق سامنے لانے کیلئے سنگارینی معاملہ کی جامع جانچ کی جائے گی۔

Desk

○○